بسم اللہ الرحمن الرحیم

# امام نے آیتِ سجدہ پڑھ کر سجدہ کیا، تو کیا یہ سجدہ مقتدی کے لئے کافی ہوگا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

اگر امام نے آیت سجدہ پڑھی اور امام سجدے میں چلا گیا تو مقتدی بھی سجدے میں جائیں یا امام کا سجدہ کافی ہے؟

## جواب

پوچھی گئی صورت میں مقتدیوں پر بھی سجدہ تلاوت ادا کرنا واجب ہے لہٰذا وہ بھی امام کے ساتھ سجدہ تلاوت کریں گے۔

بہار شریعت میں ہے: "نماز میں امام نے آیت پڑھی تو مقتدیوں پر واجب ہوگیا، اگرچہ نہ سنی ہو بلکہ اگرچہ آیت پڑھتے وقت وہ موجود بھی نہ تھا، بعد پڑھنے کے سجدہ سے پیشتر شامل ہوا اور اگر امام سے آیت سنی مگر امام کے سجدہ کرنے کے بعد اسی رکعت میں شامل ہوا تو امام کا سجدہ اس کے لیے بھی ہے اور دوسری رکعت میں شامل ہوا تو نماز کے بعد سجدہ کرے۔ یوہیں اگر شامل ہی نہ ہوا جب بھی سجدہ کرے۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 728، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2582

تاریخ اجراء: 11 جمادی الاولیٰ 1447ھ/03 نومبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net